# Media Update

14 September 2023

# UNITED NATIONS

SECRETARY-GENERAL MESSAGE

## THE SECRETARY-GENERAL MESSAGE FOR THE INTERNATIONAL DAY OF DEMOCRACY

## 15 September 2023

Democracy, the rule of law, and respect for human rights are bedrocks of resilient, inclusive, and peaceful societies.

They underwrite freedom, advance sustainable development, and protect the dignity and rights of every person.

On the International Day of Democracy, we celebrate its promise to societies – and recognize the many threats it faces at this time of tension and turmoil.

The walls are closing in on civic spaces.

Mis- and disinformation is poisoning public discourse, polarizing communities, and eroding trust in institutions.

This year’s theme – “Empowering the Next Generation” – focuses on the essential role of children and young people in safeguarding democracy today and in the future.

It is not enough to listen to children and young people.

We must support them with massive investments in education, skills-building, and lifelong learning.

We must protect human rights and advance gender equality.

And we must expand the meaningful participation of young people in decision-making processes at every level.

On this important day, let us join hands across generations and work as one to build a more just world for all.

***

# UNIC

**PRESS RELEASE**

## United Nations organizes eight of 12 dialogues about sustainable development in Quetta, Balochistan

*More than 1,000 local leaders living in 12 major cities outside of the federal and provincial capitals will discuss development priorities across the country.*

ISLAMABAD, Pakistan, 14 September 2023 - Today the eighth of a series of 12 dialogues on sustainable development was held in Quetta, Balochistan, by the United Nations and the district administration.

In total, more than 1,000 local leaders living in 12 major cities across six provinces and territories are discussing the development challenges which they face, and how they impede economic and social progress in their districts. The dialogues are being held in the different languages spoken across Pakistan.

“These dialogues bring the United Nations closer to the people and the local governments that we serve, said Julien Harneis, UN Resident Coordinator in Pakistan. “We are actively listening to their concerns and their ideas. They will work together, and with us, on accelerating progress to bridge inequalities and reduce poverty. We will share their suggestions with the federal Government as we focus on returning to sustainable development.”

In Quetta, the discussions focused on four topics chosen by the participants ahead of the event: governance, digital transformation, youth employment and water, sanitation and hygiene (WASH).

Nearly 100 local leaders -- women and men, including youth -- participated together with senior officials from Quetta, the United Nations Resident Coordinator, and other UN staff.

The 12 dialogues are engaging local leaders around development issues such as access to basic social services; gender equality and women's empowerment; climate change; sustainable, inclusive economic growth and decent work; and basic social services. All are key to Pakistan's progress towards the achievement of the global Sustainable Development Goals (SDGs).

Seven SDG dialogues have already taken place in Bahawalpur, Multan and Rawalpindi, Punjab; Hyderabad and Sukkur, Sindh; and in Mardan and Mansehra, Khyber Pakhtunkhwa.

The dialogues will help inform discussions ahead of the global SDG Summit which the UN is organizing to accelerate progress towards the SDGs, halfway of the 2030 deadline. The Government of Pakistan will participate in the event in New York on 18 and 19 September 2023.

The SDGs, also known as Global Goals, are 17 objectives designed to help bring about peace and prosperity for people all over the world. They are an urgent call for action by all countries to work together towards ending poverty while improving health and education, reducing inequality, spurring economic growth and tackling climate change.

*********

**Note to editors**

About the SDGs: *Urdu:* https://pakistan.un.org/ur/sdgs, *English:* https://sdgs.un.org/goals

- About Pakistan's SDG Secretariat: www.sdgpakistan.pk
- About the global SDG Summit: https://www.un.org/en/conferences/SDGSummit2023

- About the UN in Pakistan: *Urdu:* https://pakistan.un.org/ur, *English:* https://pakistan.un.org/en
- Cooperation framework between the UN and Pakistan: https://pakistan.un.org/en/206433-united-nations-sustainable-development-cooperation-framework-unsdcf-2023-2027-pakistan

**Follow the UN in Pakistan online:**
*https://twitter.com/UNinPak*
*www.facebook.com/UnitedNationsPakistan*
*www.instagram.com/uninpak*

**For more information, please contact the United Nations Information Centre (UNIC) in Pakistan:**
Catherine Weibel: catherine.weibel@un.org, +92 300 854 0058
Mahvash Haider Ali: mahvash.ali@un.org, +92 319 071 2828

## اقوام متحدہ نے کوئٹہ، بلوچستان میں پائیدار ترقی کے بارے میں 12 میں سے آٹھویں مکالمےکا اہتمام کیا ۔

**وفاقی اور صوبائی دارالحکومتوں سے باہر 12 بڑے شہروں میں رہنے والے 1,000 سے زائد مقامی رہنما ملک بھر میں ترقیاتی ترجیحات پر تبادلہ خیال کریں گے۔**

**اسلام آباد، پاکستان، 14 ستمبر2023 -** آج اقوام متحدہ اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کوئٹہ، بلوچستان میں پائیدار ترقی پر 12 مکالموں کی سیریز کا آٹھواں اجلاس ہوا۔

چھ صوبوں اور علاقوں کے 12 بڑے شہروں میں قیام پذیر 1,000 سے زائد مقامی رہنما اُن ترقیاتی مسائل پر بات کر رہے ہیں جن کا انھیں سامنا کرنا پڑتا ہے اور یہ مسائل ان کے اضلاع میں معاشی اور سماجی ترقی میں کیسے رکاوٹ ہیں۔ یہ مکالمے پاکستان بھر میں بولی جانے والی مختلف زبانوں میں ہو رہے ہیں۔

پاکستان میں اقوام متحدہ کے ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر، جولین ہارنیس نے کہا کہ "یہ مکالمے اقوام متحدہ کے اداروں کو یہ بات بہتر طور پر سمجھنے میں مدد کریں گے کہ مقامی رہنما وفاقی اور صوبائی دارالحکومتوں سے باہر کن ترقیاتی مسائل کو اپنی ترجیحات کے طور پر دیکھتے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا "ہم موثر پیش رفت کے لیے ان کی کمیونٹیوں کے خدشات اور خیالات کو فعال طور پر سن رہے ہیں۔ وہ ہمیں بتا رہے ہیں کہ وہ کس طرح مل کر، اور ہمارے ساتھ، کام کرنا چاہتے ہیں عدم مساوات کو ختم کرنے اور غربت کو کم کرنے کے لیے پیش رفت کو تیز کرنے پر۔ ہم ان کے

خیالات کو حکومت کے ساتھ شیئر کریں گے کیونکہ ہم پائیدار ترقی کی طرف واپس لانے پر توجہ مرکوز کریں گے"۔

کوئٹہ میں، مباحثے میں چار موضوعات پر توجہ مرکوز کی گئی جنہیں شرکاء نے ایونٹ سے پہلے منتخب کیا: گورننس، ڈیجیٹل تبدیلی، نوجوانوں کا روزگار اور پانی، صفائی اور حفظان صحت (WASH)۔

تقریباً 100 مقامی رہنماؤں - خواتین اور مردوں سمیت نوجوانوں نے کوئٹہ کے سینئر حکام، اقوام متحدہ کے ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر اور اقوام متحدہ کے دیگر عملے کے ساتھ ان مباحث میں شرکت کی۔

یہ 12 مکالمے مقامی رہنماؤں کو ترقیاتی مسائل جیسے بنیادی سماجی خدمات تک رسائی، صنفی مساوات اور خواتین کو بااختیار بنانا؛ موسمیاتی تبدیلی؛ پائیدار، جامع اقتصادی ترقی اور بہتر کام؛ اور گورننس کے بارے میں مشغول کریں گے۔ یہ تمام عالمی پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) کے حصول کے لیے پاکستان کی پیشرفت میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔

**اب تک سات ایس ڈی جی ڈائیلاگ پہلے ہی بہاولپور، ملتان اور راولپنڈی، پنجاب، حیدرآباد اور سکھر، سندھ، اور مردان اور مانسہرہ، خیبر پختونخواہ میں ہو چکے ہیں۔**

یہ مکالمے SDG کے عالمی سربراہی اجلاس سے قبل ہونے والی بات چیت میں مدد کریں گے جسے اقوام متحدہ 2030 کی ڈیڈ لائن کے نصف حصے میں SDGs کی پیش رفت تیز کرنے کے لیے منظم کر رہا ہے۔ حکومت پاکستان 18 اور 19 ستمبر 2023 کو نیویارک میں ہونے والے اجلاس میں شرکت کرے گی۔

SDGs، جنہیں عالمی اہداف بھی کہا جاتا ہے، کے 17 مقاصد ہیں جو پوری دنیا کے لوگوں کے لیے امن اور خوشحالی لانے میں مدد دینے کے لیے تشکیل دیئے گئے ہیں۔ یہ اہداف غربت کے خاتمے، صحت اور تعلیم کو بہتر بنانے، عدم مساوات کو کم کرنے، اقتصادی ترقی کو تیز کرنے اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے تمام ممالک سے مل کر کام کرنے کا فوری مطالبہ کرتے ہیں۔

**نوٹ برائے ایڈیٹرز**

SDGs کے بارے میں جانیئے: اردو کے لیے کلک کریں:https://pakistan.un.org/ur/sdgs

انگریزی کے لیے کلک کریں:https://sdgs.un.org/goals

- پاکستان کےSDGسیکرٹریٹ کے لیے دیکھیں:www.sdgpakistan.pk
- عالمی SDGسربراہی اجلاس کے لیے دیکھیں: https://www.un.org/en/conferences/SDGSummit2023
- اقوام متحدہ پاکستان کے لیے دیکھیں؛ اردو:https://pakistan.un.org/ur انگریزی:https://pakistan.un.org/en
- اقوام متحدہ اور پاکستان کے مابین تعاون و اشتراک کا لائحہ عمل: https://pakistan.un.org/en/206433-united-nations-sustainable-development-cooperation-framework-unsdcf-2023-2027-pakistan

**Follow the UN in Pakistan online:**

*https://twitter.com/UNinPak*

www.facebook.com/UnitedNationsPakistan

www.instagram.com/uninpak


مزید معلوما ت کے لیے رابطہ کریں مرکز اطلاعات،اقوام متحدہ(UNIC) پاکستان:

کیتھرین ویبل:

catherine.weibel@un.org, +92 300 854 0058

ماہ وش حیدر علی

mahvash.ali@un.org, +92 319 071 2828


# ILO

PRESS RELEASE

# ILO forecasts Pakistan unemployment up 1.5 million since 2021

***New labour market brief highlights how prolonged crises are cumulating in extreme labour market distress.***

ISLAMABAD, Pakistan (ILO News) – Deflated job growth and rising unemployment could push Pakistan's progress toward decent work back by decades, according to a new labour market update issued by the International Labour Organization (ILO).

The brief examines the labour market trends in Pakistan and presents estimates of the impacts of the lingering crisis on employment outcomes in the near term.

According to ILO estimates, in 2023, Pakistan's employment-to-population ratio has fallen well below its pre-crisis trendline at 47.6 per cent while the number of unemployed persons is expected to reach 5.6 million—a surge of 1.5 million since 2021.

The report also highlights that the female unemployment rate, which is historically at least 1.5 times that of male rates, could reach a high of 11.1 per cent.

The increasing labour market challenges reflect the cumulation of Pakistan's economic distress, following from the shock of the COVID-19 crisis, the 2022 floods and exacerbated by the recent macroeconomic turmoil. Pakistan's recent agreement with the IMF, securing a USD 3 billion Stand-By Arrangement (SBA) in July 2023, aims to avert a debt default and shore up investor confidence. However, the SBA and the squeeze on public financing required in its implementation are likely to add further stress to labour market prospects, at least in the short term.

"Pakistan is facing a multitude of challenges that are taking a heavy toll on its labour markets while driving greater informality and out-migration. The ILO, through its Fourth Decent Work Country Programme (DWCP), is dedicated to addressing the plight of workers and struggling enterprises and to finding solutions that will help to increase the security of their livelihoods through these difficult times," said Geir Tonstol, ILO Country Director for Pakistan.

He further said that ILO would reinforce social dialogue as an instrument for social stability and develop integrated provincial-level inclusive recovery strategies for decent job creation, with a particular focus on women and youth.

The brief highlights a series of possible steps that could support labour-market recovery and mitigate a worsening of decent work deficits in Pakistan in the near-term. These include provincial-level recovery strategies for decent job creation, with a particular focus on women and youth; maintaining government spending on jobs and social protection programmes focussing on the poor and most vulnerable; supporting small and medium-sized enterprises; prioritizing labour-intensive climate adaptation programmes; and reinforcing social dialogue as an instrument for social stability.

# عالمی ادارۂ محنت کی پاکستان میں2021 کے مقابلےمیں بے روزگاروں کی تعداد میں 15 لاکھ کے اضافے کی پیشن گوئی

**لیبر مارکیٹ کی تازہ رپورٹ واضح کرتی ہے کہ کس طرح طویل ہوتے بحرانوں نے لیبر مارکیٹ کی بدحالی میں اضافہ کر دیا ہے۔**

اسلام آباد، پاکستان (آئی ایل او نیوز) - عالمی ادارۂ محنت (آئی ایل او) کی جانب سے جاری کردہ لیبر مارکیٹ کی مختصر رپورٹ کے مطابق، ملازمت کے مواقع میں کمی اور بڑھتی ہوئی بے روزگاری پاکستان کی باوقار روزگار کی جانب پیش قدمی کو کئی عشروں تک پیچھے دھکیل سکتے ہیں ۔

ادارے کی تازہ رپورٹ میں پاکستان میں لیبر مارکیٹ کے رجحانات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ رپورٹ میں تخمینہ پیش کیا گیا ہے کہ موجودہ معاشی بحران مستقبل قریب میں روزگار کی صورتحال پر کیا اثرات مرتب کر سکتا ہے۔

عالمی ادارۂ محنت کے اندازوں کے مطابق، 2023 میں، پاکستان میں روزگار کی شرح بلحاظ آبادی 47.6 فیصد کے ساتھ گزشتہ کئی عشروں میں سب سے کم ترین سطح کو چھو لے گی جبکہ بے روزگار افراد کی تعداد (اس سال) 56 لاکھ تک بڑھ جانے کی توقع ہے، جو سال2021 سے پندرہ (15) لاکھ کا اضافہ ہے۔

رپورٹ کے مطابق خواتین کی بے روزگاری کی شرح، جو تاریخی طور پر مردوں کی شرح بیروزگاری سے کم از کم 1.5 گنا زیادہ ہے، 11.1 فیصد کی بلند ترین سطح کو چھو سکتی ہے۔

لیبر مارکیٹ کی روز افزوں مشکلات پاکستان کی بڑھتی ہوئی معاشی بدحالی کی عکاسی کرتی ہیں، جو کہ COVID-19وبا کے بحران، 2022 کے سیلاب اور حالیہ اجتماعی معاشی ہلچل/بحران سے مزید سنگین ہو چکی ہے۔ پاکستان کا آئی ایم ایف کے ساتھ حالیہ معاہدہ، جس کی رو سے ملک کو جولائی 2023 میں 3 بلین ڈالر کا اسٹینڈ بائی ارینجمنٹ (SBA) حاصل ہوا، کا مقصد ڈیفالٹ کو روکنا اور سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھانا ہے۔ تاہم، SBA اور اس کے نفاذ کے لیے درکار پبلک فنانسنگ پر دباؤ کے باعث، لیبر مارکیٹ کی بہتری کے امکانات پر کم از کم مختصر مدت میں مزید دباؤ آنے کا امکان ہے۔

آئی ایل او پاکستان کے کنٹری ڈائریکٹر گیئر ٹونسٹول نے کہا ہے کہ "پاکستان کو بہت سارے چیلنجز کا سامنا ہے جن کی بنا پر ملک کی لیبر مارکیٹوں کو بھاری نقصان اٹھا نا پڑ رہا ہے جس کے نتیجے میں غیر رسمیت اور ملک سے باہر نقل مکانی میں اضافہ ہو ا ہے۔ اپنے چوتھے باوقار روزگار کے ملکی منصوبے (ڈیسنٹ ورک کنٹری پروگرام - DWCP) کے ذریعے،عالمی ادارۂ محنت محنت کشوں اور مشکلات کا سامنا کرنیوالے کاروباری اداروں کی حالت زار کو کم از کم مختصر مدت میں بہتر بنانے اور ایسے حل کی جستجو کیلئے پر عزم ہے جو اس کٹھن وقت میں ان کے روزگار کا تحفظ یقینی بنانے میں مددگار ثابت ہو" ۔

انہوں نے مزید کہا کہ آئی ایل او سماجی استحکام کے لیے سماجی مکالمے کو ایک ہتھیار کے طور پر مظبوط تر بنائے گا اور خواتین اور نوجوانوں پر خصوصی توجہ کے ساتھ ، باوقار روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے صوبائی سطح پر مربوط اور وسیع البنیاد بحالی کی حکمت عملی تیار کرے گا۔

مراسلے میں ممکنہ اقدامات کی ایک فہرست پر روشنی ڈالی گئی ہے جو لیبر مارکیٹ کی بحالی میں معاون ہو سکتے ہیں اور پاکستان میں مستقبل قریب میں باوقار روزگار کے خسارے میں کمی لا سکتے ہیں۔ ان اقدامات میں خواتین اور نوجوانوں پر خصوصی توجہ کے ساتھ ، باوقار ملازمت کے مواقع پیدا کرنے کے لیے صوبائی سطح کی بحالی کی حکمت عملی ؛ غریبوں اور کمزور ترین طبقات پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ، ملازمتوں اور سماجی تحفظ کے پروگراموں پر سرکاری اخراجات کا تسلسل؛ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کی امداد ؛ محنت کشوں کا خیال رکھتے ہوئے موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگی کے منصوبوں کو ترجیح دینا، اور سماجی استحکام کیلئے سماجی مکالمے کو ایک ہتھیار کے طور پر مضبوط بنانا شامل ہیں۔

**For further information please contact:**

**Muhammad Numan**
**Communication Officer**
Email: numan@ilo.org
Mobile: +92 303 5000041